© rasailojaraid.com


# تعارف و تبصرہ کتب

| | |
|---|---|
| نام کتاب | تطہیر بائیبل (جلد اوّل) |
| مؤلف | اعجاز چوہدری |
| صفحات | ۱۵۲ |
| قیمت | درج نہیں |
| ملنے کا پتہ | اسلامی مشن ۔ سنت نگر ۔ لاہور |

مؤلف کتاب جناب اعجاز چوہدری صاحب نے زیرِ نظر تالیف میں یہ نقطۂ نگاہ اختیار کیا ہے کہ بائیبل سوفی صد الہامِ خداوندی پر مبنی نہیں ہے بلکہ اس میں انسانی عقل کا عمل دخل موجود ہے۔ انھوں نے اپنے عندیہ کی تائید میں تاریخ اور علم الآثار سے ثبوت بہم پہنچائے ہیں۔

کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ میں عہد نامہ عتیق کی کتاب "پیدائش" زیرِ بحث آئی ہے اور دوسرے حصے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب چند مزید کتابوں پر سرسری نظر ڈالی گئی ہے۔

"تطہیر بائیبل" تبلیغی مقاصد کے لیے لکھی گئی ہے اس لیے زبان سادہ اور عام فہم ہے۔ تاہم اس موضوع پر تحقیق و تنقید کے جدید معیار کے مطابق بھی کام ہونا چاہیے۔

(ابو شاہد)

(۲)

| | |
|---|---|
| نام کتاب | حضرت مسیح انجیل کے آئینے میں |
| مصنف | جناب غلام نبی مسلم ایم اے |
| ضخامت | ۵۶ صفحات |
| قیمت | درج نہیں ہے، غالباً مفت تقسیم کے لیے ہے |
| ناشر | اسلامی مشن ۔ سنت نگر ۔ لاہور |

اسلامی مشن سنت نگر لاہور عرصہ سے تبلیغی مقاصد کے لیے نہایت مفید کتابیں شائع کر رہا


© rasailojaraid.com